PRESS CLIPPING
Press Release | Photograph | Advertisement | Editorial | Article | Letter
JANG | 04 | KHI | 05-10-2019
Daily | Page No. | Place | Dated
SSGC | Sui Southern Gas Company Limited

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (دی کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام بروز پیر 28 اکتوبر 2019 صبح 11:00 بجے ایرینا، جیڈ ہال، کارساز سروس روڈ، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1۔ مورخہ 15 فروری، 2019 بروز جمعہ کو منعقد ہونے والے 63 واں سالانہ اجلاس عام (AGM) کے منٹس

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے پرووینن کے مطابق تین سال کی مدت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مقرر کردہ کمپنی کے گیارہ (11) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام جو دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں، درج ذیل ہیں۔

1۔ ڈاکٹر شمشاد اختر　2۔ جناب ساجد محمود قاضی　3۔ مرزا محمود احمد　4۔ محترمہ ندا رضوان فرید　5۔ ڈاکٹر احمد مجتبیٰ میمن　6۔ جناب شیر افگن خان

7۔ جناب منظور علی شیخ　8۔ سید اختر علی　9۔ قاضی عظمت عیسیٰ　10۔ جناب محمد رضی الدین منیم　11۔ جناب فیصل بنگالی

کوئی دیگر امور:

3. چیئرمین کی اجازت سے میٹنگ سے قبل میں کسی دوسرے کاروباری امور پر غور کرنا۔

مورخہ 01 اکتوبر 2019
کراچی

بورڈ کے حکم سے
شعیب احمد
کمپنی سیکریٹری

## نوٹس:

کمپنی کے حصص منتقلی کی کتب پیر 14 اکتوبر 2019 تا پیر 28 اکتوبر 2019 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

**1۔ الیکشن میں حصہ کیلئے امیدواروں کی اہلیت**

جو شخص ڈائریکٹرز کے انتخابات میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو تو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے مطابق، اسے اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے چودہ (14) روز قبل خود کو ڈائریکٹر کے طور پر منتخب ہونے کیلئے اپنی رضامندی کا خط مع درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرانا ہوگا۔

۱۔ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی کا خط، اگر منتخب ہو جائے تو۔

۲۔ پبلک سیکٹر کمپنیز (کارپوریٹ گورننس) رولز، 2013 کے رول (4)3 کے تحت ڈکلریشن کہ وہ پانچ سے زائد پبلک سیکٹر کمپنیز یا لسٹڈ کمپنیز میں ذیلی کمپنیز کے علاوہ، بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا / رہی ہے۔

۳۔ ڈکلریشن کہ وہ شخص کمپنیز ایکٹ 2017، کمپنی کے میمورینڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج رولز اور پبلک سیکٹر کمپنیز (کارپوریٹ گورننس) رولز، 2013 کے تحت ڈائریکٹرز کے اختیارات اور فرائض سے آگاہ ہے اور ان میں درج پرووینن کو پڑھ لیا ہے۔

۴۔ ڈکلریشن کہ وہ رجسٹرڈ ٹیکس گزار ہے اور کسی بینکنگ کمپنی، ڈیولپمنٹ مالی ادارے یا نان بینکنگ مالی ادارے سے کسی قرض کی ادائیگی کے نادہندہ ہونے کے باعث کسی مجاز دائرہ اختیار کی عدالت سے سزا یافتہ نہیں ہے اور نہ ہی وہ یا اس کا شریک حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار میں شامل ہیں۔

**2۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت:**

1) تمام ممبران سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں وہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے تحریری طور پر اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرنے کے بھی حقدار ہیں۔ پراکسیز کے موثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ وہ اجلاس عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل رجسٹرڈ آفس واقع ایس ایس جی سی ہاؤس سر شاہ سلیمان روڈ، گلشن اقبال، کراچی میں وصول ہو جائے۔

2) سینٹرل ڈپازٹری سسٹم کے تحت فزیکل ٹرانسفرز اور ڈپازٹ کی درخواستیں جو کمپنی کے رجسٹرار یعنی سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSR)، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ سوسائٹی، شاہراہ فیصل، کراچی میں جمعہ، 11 اکتوبر، 2019 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں، میٹنگ میں شرکت کی اہلیت کے لئے بروقت تصور ہوں گی۔

**A۔ سی ڈی سی کھاتے داروں کیلئے رہنما ہدایات۔**

سی ڈی سی کھاتے داروں کو سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 میں درج مندرجہ ذیل رہنما اصولوں کی پیروی کرنا ہوگی۔ مذکورہ سرکلر کمپنی کی ویب سائٹ www.ssgc.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔

**B۔ اجلاس میں شرکت کیلئے**

i۔ فرد کی صورت میں، کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار اپنی شناخت کی تصدیق اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ دکھا کر کرسکتا / سکتی ہے اور اس بات کا اطمینان کرلیں کہ CDC کے ضابطوں کے مطابق ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات اپ لوڈ کردی گئی ہیں۔

ii۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی بمعہ کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی کرنے اور ووٹ دینے والے نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط اور کارآمد سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپی اجلاس میں شرکت کے وقت (اگر پہلے پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی میں جمع نہ کرائی گئی ہو) پیش کرنا ہوں گے۔

iii۔ فزیکل شیئرز کے بینیفیشل اونرز اور جن کے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) میں جمع ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی (CNIC) مع شراکت کا آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی میں اپنا اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ نمبر ساتھ لائیں۔

**C۔ پراکسیز کے تقرر کے لئے:**

i۔ فرد کی صورت میں، کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہوں، اوپر دیئے گئے ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی میں پراکسی فارم کے ساتھ (اگر وہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس کے وقت جمع کرائے جائیں۔

iii۔ پراکسیز کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی اور اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ اور شراکت دار کے آئی ڈی نمبر پراکسی کے فارم کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں لازمی طور پر جمع کرائیں۔ پراکسی فارم پر باضابطہ طور پر دو گواہان کے دستخط ہوں جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز پراکسی فارم پر درج ہوں اور بینیفیشل اونر کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی بھی منسلک ہو۔

iv۔ اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

...UNICATIONS (HCC)

D۔ EOGM کے نوٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل (اختیاری)۔

شیئر ہولڈرز سے جو EOGM کا نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنا چاہتے ہیں، درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.ssgc.com.pk پر دستیاب مطلوبہ فارم پر کریں۔

E۔ پتہ میں تبدیلی

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی تبدیلی کی صورت میں فولیو نمبرز کے حوالے کے ساتھ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

F۔ گزشتہ اجلاس کے منٹس

مورخہ 15 فروری، 2019 کو ہونے والے گزشتہ آخری سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی کاپیز ممبران کو درخواست کرنے پر مفت دستیاب ہوں گی۔

G۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 اور SECP کے جاری کردہ سرکلر نمبر 10، 2014 مورخہ 21 مئی، 2014 کی پیروی میں، اگر کمپنی کو ممبران کی جانب سے جو مجموعی طور پر دس فیصد (10%) یا اس سے زائد شیئرز کے حامل ہوں اور ایک ہی جغرافیائی حدود میں رہتے ہوں، ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ اجلاس میں شرکت کی رضامندی کم از کم سات (07) دن قبل وصول ہو گئی تو کمپنی اس شہر میں سہولت کی موجودگی سے مشروط، وہاں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔ کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام مع مکمل ضروری معلومات سے متعلق اپنے ممبران کو اجلاس سے پانچ (05) دن قبل مطلع کرے گی تاکہ وہ اس مقام تک رسائی حاصل کر سکیں۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے لئے، شیئر ہولڈرز درج ذیل معلومات رجسٹرڈ آفس واقع ایس ایس جی سی ہاؤس، سر شاہ سلیمان روڈ، گلشن اقبال، کراچی میں اجلاس کی تاریخ سے سات (07) دن قبل جمع کرائیں۔

> میں / ہم ______________ سکنہ ______________ سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ کے ممبر ہونے کے ناطے، حامل ______ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______________ ویڈیو کانفرنس کی سہولت بمقام ______________ کے حصول کا انتخاب کرتا، کرتی ہوں / کرتے ہیں۔
>
> دستخط ممبر

3. CNIC نمبر فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کے لئے نوٹس

SECP کے ایس آر او نمبر 2012/(1)831 مورخہ 05 جولائی، 2012 کے مطابق ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ نمبر یا مجاز فرد کے سی این آئی سی نمبر درج ہونا چاہیے۔ اس سلسلے میں جن ممبران نے ابھی تک اپنے کارآمد سی این آئی سی / این ٹی این (کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں) کی کاپی جمع نہیں کرائی ہے ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ممبرز فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ جمع کرائیں۔ برائے مہربانی یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ کارآمد سی این آئی سی کی کاپی وصول نہ ہونے کی صورت میں، کمپنی SECP کے ایس آر او نمبر 2016/(1)275 مورخہ 31 مارچ، 2016 کی روشنی میں ڈیویڈنڈ روک لینے پر مجبور ہوگی۔

4۔ پوسٹل بیلٹ اور ای ووٹنگ

۱۔ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی پیروی میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کیلئے اور کسی دیگر ایجنڈا آئٹم کیلئے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 143 اور 144 کی شرائط سے مشروط، ممبرز کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق ہو گا یعنی وہ مذکورہ ریگولیشنز میں درج شرائط اور طریقہ کار کے مطابق بذریعہ پوسٹ یا بذریعہ الیکٹرونک موڈ، ووٹ دے سکتے ہیں۔

۲۔ اگر انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہے تو کمپنی اپنے ممبران کو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے پرووژنز کے مطابق ای ووٹنگ یا ووٹنگ بذریعہ پوسٹل کا آپشن فراہم کرے گی۔

۳۔ جو شیئر ہولڈرز بذریعہ ای ووٹنگ شرکت کے خواہشمند ہوں برائے مہربانی فوری طور پر یا اجلاس عام کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ 14 دن قبل اپنی تفصیلات یعنی نام، فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈریس، رابطہ کا نمبر کمپنی کے ریکارڈ پر موجود اپنے دستخط کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل کراچی کو مہیا کریں۔

۴۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے ووٹنگ لائنز ممبرز کے لئے 21 اکتوبر، 2019، صبح 09:00 بجے سے 25 اکتوبر، 2019 کو شام 05:00 بجے تک کھلی رہیں گی۔

5۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت ہر کمپنی کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کرنا ضروری ہے جو کمیشن کی جانب سے مقررہ تخصیص اور تاریخ سے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز سے یعنی 31 مئی، 2017 سے زیادہ سے زیادہ چار سال کے عرصے میں کر لی جائے۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کو بنا سرٹیفکیٹ شکل میں رکھنے کیلئے کسی بھی بروکر یا انویسٹر کے اکاؤنٹ کے ساتھ یا براہ راست CDC کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ یہ ان کو کئی طریقوں سے مدد فراہم کرے گا بشمول شیئرز محفوظ تحویل میں رکھیں اور جب چاہیں فروخت کریں، کیونکہ اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضابطے فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں دیتے۔

6۔ الیکٹرونک ذریعہ سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی شرائط کے مطابق مستقبل میں ڈیویڈنڈز کی الیکٹرونک ذریعہ سے وصولی کے لئے درج ذیل معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، ایس ایم سی ایچ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو فراہم کریں:

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر کا نام ______ | بینک اکاؤنٹ (IBAN) نمبر (24 Digits) ______ |
| فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر ______ | بینک کا نام ______ |
| سی این آئی سی نمبر ______ | برانچ کا نام اور پتہ ______ |
| ای میل ______ | رابطہ کا نمبر ______ |
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل ______ | |

REGISTERED OFFICE:
SSGC House
Sir Shah Muhammad Suleman Road, Gulshan-e-Iqbal,
Block -14, Karachi – 75300, Pakistan.

SSGC | Sui Southern Gas Company Limited

SHARE REGISTRAR:
Central Depository Company of Pakistan
CDC House, 99-B, Block B, SMCHS,
Main Sharah-e-Faisal, Karachi, Pakistan.

"نشہ سے انکار زندگی سے پیار"

CATIONS (HCC)